اخبار الجامعہ

جامعہ رحمانیہ للبنات چک نمبر 102۔10-R منڈی جہانیاں کا افتتاح

قاری عبدالغفار مرحوم کے ہونہار فرزند ارجمند جناب ابوبکر صدیق چیف ایڈیٹر روزنامہ ''أهم الأخبار'' (عربی/اردو) اسلام آباد نے اپنے والد مرحوم کے صدقہ جاریہ کیلئے اپنے آبائی گاؤں چک نمبر 102 منڈی جہانیاں (خانیوال) میں مورخہ 13 ذوالحج کو جامعہ رحمانیہ للبنات کے افتتاح کے مبارک موقع پر ایک عظیم الشان جلسہ عام کا اہتمام کیا۔ جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی۔ قاری خالد مجاہد (چوکی)، عبداللہ فیصل اور دیگر علمائے کرام نے خطاب کیا۔

دولت نگر (گجرات) میں درس قرآن وحدیث

دولت نگر ضلع گجرات سے تعلق رکھنے والے نئے جماعتی ساتھی بھائی ندیم و وسیم صاحبان کی دعوت پر زیر تعمیر جامع مسجد اہل حدیث میں مورخہ 7 فروری بروز جمعرات بعد از نماز عشاء رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے ''حضرت ابراہیمؑ اور ان کی دعوت'' کے موضوع پر درس قرآن وحدیث دیا۔ یاد رہے کہ یہاں پر قلیل عرصہ میں پرعزم نوجوانوں پر مشتمل ایک جماعت معرض وجود میں آ چکی ہے جن کی شبانہ روز کوششوں سے ایک خوبصورت مسجد کی تعمیر شروع کر دی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے عزم کو اور زیادہ پختہ کرے۔ آمین۔ اس موقع پر امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث رانیوال سیداں سید ثناء اللہ شاہ صاحب بھی ہمراہ تھے۔

وفیات

طلعت زرگر کو صدمہ

مقامی جماعت کے بزرگ ساتھیوں میں سے ایک مخلص، بے لوث اور جماعتی درد رکھنے والے جناب حاجی اللہ دتہ زرگر تھے۔ وہ والد مرحوم اور علامہ مدنی مرحوم سے بھی بڑی محبت اور عقیدت رکھتے تھے۔ جامعہ کے طلبہ اور اساتذہ کا دلی احترام کرتے تھے۔ مورخہ 7 ذوالحجہ کو وہ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ إنا لله وإنا إليه راجعون۔ 5 بجے شام ان کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔

شیخ عبدالحمید سیٹھی، محمد عارف سیٹھی اور شکیل سیٹھی صاحبان کو صدمہ

محلہ خواجگان جہلم کے محمد عارف سیٹھی کے والد محترم سیٹھی محمد عظیم صاحب اڑھائی ماہ کی علالت کے

بعد مورخہ 23 فروری (اتوار) 3 بجے دن وفات پاگئے۔ إنا لله وإنا إليه راجعون ۔مرحوم کی نماز جنازہ 10 بجے شب ادا کی گئی۔فیصل آباد سے شیخ عبدالحمید صاحب اور شاہد سیٹھی صاحب نے بطور خاص جنازہ میں شرکت کی۔

محمد اصغر، محمد اسلم اور حاجی محمد صابر (قصبہ کریالی) کو صدمہ

قصبہ کریالی تحصیل سرائے عالمگیر سے تعلق رکھنے والے محمد اصغر و محمد اسلم کے والد محترم اور حاجی محمد صابر کے کزن مورخہ 4 مارچ کو انتقال کر گئے۔ إنا لله وإنا إليه راجعون ۔ان کے خاندان کے بہت سے بچوں اور بچیوں نے جامعہ علوم اثریہ جہلم اور جامعہ اثریہ للبنات میں دینی تعلیم حاصل کی ہے۔اب بھی ان کا ایک پوتا اور پوتی جامعہ میں زیر تعلیم ہیں۔ان کے بیٹوں کی خواہش پر ان کی نماز جنازہ بڑے خشوع وخضوع سے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔جس سے اہل علاقہ بڑے متاثر ہوئے۔اس موقع پر بعض لوگوں کو برملا یہ کہتے ہوئے سنا گیا کہ سنت نبوی کے مطابق آج پہلی بار انہوں نے نماز جنازہ پڑھی ہے۔

حسرت اُن غنچوں پہ ھے ....

ماسٹر محمد اقبال اختر قریشی اور محمد شاہد قریشی کو صدمہ

مسجد عمر فاروق ؓ اہل حدیث بلال ٹاؤن کے صدر جناب ماسٹر محمد اقبال اختر قریشی کے بھتیجے اور محمد شاہد قریشی کے نومولود بیٹے مورخہ 23 فروری کو اسلام آباد کے ایک ہسپتال میں وفات پاگئے۔ إنا لله وإنا إليه راجعون۔ 11 بجے شب اس کی نماز جنازہ بلال ٹاؤن میں ادا کی گئی۔

محمد صفدر سیٹھی، محمد افضل سیٹھی اور ثاقب سہیل کو صدمہ

ثاقب سہیل کا نومولود بیٹا ذوالفقار اسجد صرف اڑھائی ماہ کی عمر میں مورخہ 13 ذوالحجہ کو گجرات میں فوت ہوگیا۔ إنا لله وإنا إليه راجعون ۔اسی روز گجرات میں ہی اس کی تدفین عمل میں لائی گئی۔

ادارہ ''حرمین''، جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔آمین۔قارئین سے ان کی مغفرت تامہ کی دعا کی درخواست ہے۔